جنوری 2026

عزیز اہلِ خانہ،

بطور ایک نقل وطن، میں جانتا ہوں کہ نقل وطن طلباء اور خاندانوں کے لیے ہماری اسکول برادریاں کتنی اہم ہیں -— اور ہمارے نقل وطن ظلباء اور خاندان ہمارے اسکولوں میں کتنا اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) میں، ہم ہر طالب علم اور خاندان کو قوی، مشمولی اور معاونتی تعلیم فراہم کرتے ہیں، انکی نقل وطنی کی حیثیت سے قطع نظر۔

بطور یاد دہانی، NYCPS غیر مقامی قانون نافذ کرنے والوں کو طلباء، اسکول کی عمارتوں یا ریکارڈز تک رسائی فراہم **نہیں** کرتا ہے تاوقتیکہ قانون کا تقاضہ ہو، اور صرف NYCPS کے وکیلوں کے ساتھ مشورے کے بعد۔

نیو یارک شہر میں ہمارے اسکول ہمارے بچوں کے لیے محفوظ جگہیں ہیں۔ اگر کسی طالب علم یا اہل خانہ کے نقل وطنی کے متعلق کسی واقعہ کے بارے میں سولات یا خدشات ہیں، ہم انکی مناسب معاونتوں سے رابطے کے لیے اپنے اسکول کے پرنسپل سے رابطہ کرنے کی حوصلہ افزائی کریں گے۔

ہمارے پروجیکٹ اوپن آرمز (Open Arms) اقدام کے ذریعے ہمارے عملے اور خاندانوں کو متعدد وسائل دستیاب ہیں، جو نقل وطن طلباء اور انکے خاندانوں کو معاونت فراہم کرتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے schools.nyc.gov/ProjectOpenArms پر جائیں۔

اسکے علاوہ، NYCPS مئیر کا دفتر برائے نقل مکانی امور(MOIA) کے ساتھ مسلسل شراکت میں ہے۔ ہم خاندانوں کی MOIA قانونی مدد ہاٹ لائن 1-800-354-0365 استعمال کرنے یا مزید جاننے کے لیے nyc.gov/immigrants پر جانے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔

بطور آپکے چانسلر، میں یہ یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہوں کہ ہمارے اسکول طلباء اور خاندانوں کے لیے محفوظ اور مشمولی جگہیں بنیں رہیں۔

شراکت میں،

Kamar H. Samuels, چانسلر